Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

## حقیقی آزادی تحریک کی باہمّت اور دلیر اسیر صنم جاوید کو 9 مئی کے مقدمے سے ڈسچارج کرنے کے عدالتی حکمنامے کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف کا لاہور ہائیکورٹ کے دو رکنی بنچ کے فیصلے کا بھرپور خیر مقدم

صنم جاوید سمیت تمام اسیر سیاسی قائدین اور کارکنان کی فوری رہائی کا مطالبہ

9 مئی کا فالس فلیگ آپریشن سب سے بڑھ کر ریاست کے اندر ہی سے ریاست کے نظامِ انصاف پر ایک مکروہ حملہ تھا، اس آپریشن کی آڑ میں بے گناہ شہریوں کو دشمن قرار دے کر بنیادی حقوق سے محروم کر دیا گیا،

اس آپریشن ہی کی آڑ میں عدلیہ کے ہاتھ پاؤں باندھ کر اور ججز کی آنکھوں پر کالی پٹیاں چڑھا کر ریاست کو لاقانونیت کی گہری کھائی میں دھکا دے دیا گیا، پچھلے 14 ماہ سے پورے نظامِ عدل کو 9 مئی کے فالس فلیگ آپریشن کے منصوبہ سازوں کے اشاروں پر نچوانے اور نہ ناچنے کی صورت میں نشانِ عبرت بنائے جانے کا سلسلہ جاری ہے،

بدترین ریاستی وحشت و بربریت اور صریح ناانصافی کے ماحول میں قوم کی حقیقی آزادی کا علم اٹھانے اور وقت کے فرعون کی رعونت پر رات دن خاک ڈالنے والے ہر ہیرو کو سلام پیش کرتے ہیں،

لاہور ہائیکورٹ صنم جاوید کے حوالے سے اپنے حکم پر عملدرآمد کروائے اور قوم کی بے گناہ بیٹی کو ریاستی وحشیوں کے شکنجے سے آزادی دلوائے، ہائیکورٹ تمام بے گناہ سیاسی اسیران کا معاملہ یکجا کر کے اٹھائے اور سب کی فوری رہائی کے احکامات صادر کیے جائیں، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ